رہبر معظم کا جہاد خود کفائی ادارے کے شہیدوں کی شہادت پر تعزیتی پیغام - 16 /Nov/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ اینے سپاہ پاسداران کے جہاد خود کفائی ادارے کے شہیدوںبالخصوص میجر جنرل شہید حسن مقدم کی ششہادت کی مناسبت سے اپنے پیغام میں شہیدوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئےفرمایا: ممتاز اور مایہ ناز افراد کی کوششوں کی محصول اب شجاع و دلیر اور جہادی مردوں کے ہاتھ میں ہے اور اس مجموعہ میں تربیت پانے والے افراد اس نورانی راہ پر گامزن رہنے کی بھر پور صلاحیت رکھتے ہیں۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انا للہ و انا الیہ راجعون

سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کے ایک ریسرچ سینٹر اور تحقیقاتی مرکز میں خونی حادثہ رونما ہوا جسمیں اس ادارے کے بعض ممتاز افراد منجملہ اعلی ترین سردار، ممتاز ماہر اور زہد و تقوی سے آراستہ شخصیت میجر جنرل حسن مقدم شہید ہوگئے یہ واقعہ انتہائی المناک ، تلخ اور غمناک تھا۔

ان دلیر مردوں نے ہمیشہ پختہ عزم و ارادہاور سینہ تان کر دفاع مقدس اور اس کے بعد رونما ہونے والےخطرات کا مقابلہ کیا اور انھوں نے کبھی بھی تھکاوٹ کا احساس نہیں کیا بیشک شہادت ان کی سب سے اعلی اور سب سے بڑی تمنا اور آرز وتھی، لیکن ایسے عظیم ، شجاع اور دلیر افراد کے فقدان پر ہر ملک و قوم کو رنج و غم اور افسوس ہوتا ہے ۔ ہم سب ان عزیز شہیدوں کے غم میں ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہمدردی و ہمدلی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالی کا شکر ہے کہاں دلیر مردوں کی تلاش و کوشش کا نتیجہ اور محصول اب جہادی مردوں کے ہاتھ میں ہےاور اس مجموعہ میں تربیت پانے والے افراد ان کے نورانی راستے پر گامزن رہنے کی بھر پور صلاحیت و توانائی رکھتے ہیں۔

میرے عزیزو ؛ اللہ تعالی کے بے پناہ فضل و کرم پر امید و توکل اور شہیدوں کی ارواح سے استمداد کے ذریعہ اپنی ہمت و تلاش کو دوچنداں کریں تاکہ سب لوگ اچھی طرح جان لیں کہ شہادت ہمارے لئے اللہ تعالی کی توفیق ، فراواں برکت اوراعلی عروج کا باعث ہے۔

میں ان شہیدوں کے پسماندگان ، دوستوں اور ساتھیوں کو دل کی گہرائی سے تعزیت و تسلیت پیش کرتا ہوں۔

25/ آبان/ 1390